Department of Education
Chancellor Richard A. Carranza

26 جون، 2020

عزیزی اہلِ خانہ،

آج ایک ایسے انتہائی مسابقت طلب، کڑے ترین تعلیمی سال کا آخری دن ہے جس کا ہم میں سے متعدد کو شائد ہی کبھی تجربہ ہوا ہو۔ میں آپ کی کوششوں کا شکرگزار ہوں اور آپ کے بچوں — ہمارے ذہین طلبا پر بہت فخرمند ہوں۔

میں جانتا ہوں کہ لگتا ہے جیسے پچھلا ستمبر سالوں پہلے تھا، اور وقت عام طور پر بطور " COVID سے قبل" اور "COVID کے بعد" تصور ہوتا ہے۔ یہ یاد رکھنا مشکل ہوسکتا ہے، لیکن وبا سے ہماری زندگیوں کے ابتر ہونے سے پہلے، ہم نے شہر بھر میں مزید pre-K دوہری زبان پروگرامز کھولے تھے، اپنے طلبا کی ایک ریکارڈ تعداد کو کالج میں اندراج کرواتے دیکھا تھا اور یہ جانا تھا کہ ہمارے کمیونٹی اسکولز طلبا کی زندگیوں میں بہتر تبدیلی لا رہے ہیں—ہماری کامیابیوں کے چند نمونے ہیں۔ یہ سب اب بھی اہم ہے، کیونکہ یہ ہمارے بچوں کے لیے اصل زندگی، مثبت اثرات رکھتے ہیں۔

اور پھر اچانک ہی، پیر، 16 مارچ آیا، اور کرونا وائرس نے ہمیں ملک کے سب سے بڑے اسکول نظام کو دوبارہ ترتیب دینے پر مجبور کیا، تمام اسکولی عمارتیں بند ہوگئیں اور ہمارے 1.1 ملین طلبا کو ریموٹ لرننگ میں منتقل ہونا پڑا۔ میرے لیے "COVID کے بعد" کا وقت اتنا ہی شدید اثر آفرین ہے جتنا کہ پہلے کا وقت۔ میں یہ جانتا ہوں کیونکہ پچھلے تین مہینوں کے دوران میں نے آپ کے بچوں کو اپنے سائنس کے تجربات آپ کے باروچی خانے میں کرتے دیکھا ہے، آپ کے لِوننگ روم سے ریاستہائے متحدہ کے آئین پر ہسپانوی میں بحث کرتے، اور Zoom پر بینڈ کی مشق میں شامل ہوتے اور شیکسپئِر پر مہارت حاصل کرتے دیکھا ہے۔

آپ کے بچوں نے یہ عمدہ کارِ نمایاں انجام دیے جب کرونا وائرس آپ، آپ کے خاندانوں اور ہماری برادریوں پر اثرانداز ہورہا تھا۔ پُرافسوس کہ ہمارے قریبی اہلِ خانہ، اور محکمئہ تعلیم کے 79 ملازمین COVID-19 کی نذر ہوئے۔ ہم اپنے پیاروں، دوستوں اور ساتھی کارکنان کے بغیر کبھی پہلے جیسے نہیں ہوسکتے جنہوں نے ہماری زندگیوں اور کام کو پُرمعنی بنایا تھا۔ ہم ان میں سے کسی ایک کو بھی کبھی نہیں بھولیں گے۔ وہ ہمارے دلوں، ہماری یادوں اور ہمارے بچوں میں زندہ رہیں گے۔

میں نے ہمیشہ کہا ہے کہ ہمارے والدین اور خاندان ہمارے اہم ترین شراکت دار ہیں، لیکن اس سال یہ ہمیشہ سے زیادہ صحیح ہے، جبکہ آپ اپنے بچے کے استاد، اتالیق اور ایک غیریقینی دنیا میں مستقل وجود ہیں۔ آپ کی زندگیاں اپنے بچوں کے ایک مکمل غیرروایتی شیڈول کی اعانت میں ابتر ہوگئی تھیں۔ میں جانتا ہوں کہ آپ نے ان کے لیے کتنی قربانیاں دی ہیں، اپ انکے مستقبل کے لیے کتنے فکرمند ہیں، اور ان کے لیے آپکا پیار کتنا گہرا ہے۔ آپ نے اپنے بچے کی تعلیم کی معاونت کرنے میں جو کوشش کی ہے میں اسکے لیے آپکا خاطر خواہ شکریہ ادا نہیں کرسکتا۔

حالیہ ہفتوں میں، آپ نے تعلیم کو جاری رکھا ہے جب ہمارا شہر اور قوم برانگیختہ رہی ہے اور ان کے ہاتھوں مزید سیاہ فام زندگیوں کے کھوجانے کا غم منایا ہے جن کا فرض خدمت فراہم کرنا اور حفاظت کرنا ہے۔ یہ ہم سب کے لیے ایک انتہائی تکلیف دہ وقت رہا ہے۔ نظامی نسلی تعصب اس ملک میں غیرسفید فام افراد کو خطرے میں ڈالتا ہے، اور نیویارک شہر کے غیرسفید فاموں کے لیے تبدیلی ہمارے اسکولوں سے شروع ہونی لازمی ہے۔

میں وعدہ کرتا ہوں کہ ہم نے اس سال جو سیکھا ہے اسے لے کر ہمارے نظام میں نظامی غیرمساوات سے نمٹنے کی دوگنا کوشش کرونگا جسے ان بحرانوں نے زیادہ واضح کیا ہے۔ اس میں ایک مضبوط، مشمولاتی، منصفانہ اور غیرتعصبی تعلیمی نظام تعمیر کرنا شامل ہے۔ میں عہد کرتا ہوں کہ ہم آپ کے بچوں کی حصولیابیوں اور کامیابیوں کی تخلیق اور جشن منانا جاری رکھیں گے۔ میں آپ اور آپ کے بچوں کے لیے یہاں مسلسل موجود رہنے کا عہد کرتا ہوں، ایک لمحے کے لیے بھی ہمت شکن نہیں ہونگا— اس سے قطع نظر کہ ہمارے راستے میں کیا مسابقتیں آتی ہیں۔ اگلے کئی مہینوں کے دوران، ہم اپنے خاندانوں کی سرگرم خدمات انجام دینے کے لیے موسم گرما اسکول ، میل ہبس، علاقائی تقویتی مراکز ، اور ہنگامی صورت بچوں کی دیکھ بھال فراہم کریں گے۔ میں آپ کے بچوں کو وہ تعلیم فراہم کرنے کا عہد کرتا ہے جس کی وہ مانگ کرتے ہیں اور مستحق ہیں—ایسی تعلیم جو انہیں اعلٰی تعلیم یافتہ، ذمہ دار، ہمدرد بالغان بنائے جو دنیا کو بدلنے کے لیے آراستہ ہیں۔

Department of Education
Chancellor Richard A. Carranza

میں جانتا ہوں کہ آپ یہ جاننے کے لیے بے چین ہیں کہ اس خزاں میں آپ کے بچے کے لیے تعلیم کیسی نظرآئے گی۔ ہم دن رات ایک ملین سے زیادہ بچوں کے لیے طاقتور منصوبے بنانے کے لیے کام کررہے ہیں جو ہمارے اسکولوں میں ہیں۔ آپ آنے والے ہفتوں میں معلومات موصول کریں گے— بشمول اسکول کا پہلے دن—جب ہمیں ریاست اور وفاقی حکومت کی جانب سے ضروری رہنمائی مل جائے گی جو ہمارے منصوبے کو حتمی شکل دینے میں ہماری کارروائی کو ہموار کرتی ہے۔ ہمیں آپ کی رہنمائی بھی درکار ہے! براہِ مہربانی ہمارا اسکول واپسی کا سروے schools.nyc.gov/returntoschool2020 پر منگل، 30 جون تک مکمل کرکے ہمیں یہ بتائیں کہ آپ خزاں 2020 کو کیسا دیکھنا چاہتے ہیں۔ یہ ہمیں اسکول واپس آنے پر آپکی ضروریات کی تکمیل کرنے میں مدد کرے گا۔

ہم ملکر جن مشکلوں سے گزرے ہیں اس کے تناظر میں، ہم تعلیمی سال کو اپنے طلبا کی بیش بہا کامیابیوں کا جشن منائے بغیر ختم نہیں کرسکتے۔ میں آپ کو میرے، مئیر de Blasio؛ سابقہ نیویارک شہرپبلک اسکول طالب علم اور استاد، Lin-Manuel Miranda؛ اور دیگر نمایاں افراد، منتخب کردہ افسران اور خاص مہمانوں کے ساتھ 30 جون کو شامل ہونے کے لیے مدعو کرتا ہوں جب ہم 2020 کی کلاس کو ایک شہرپیما سندیافتگی تقریب میں اعزاز بخشیں گے۔ آپ اسے شام 7 بجے سے شروع PIX 11 پر اور nycclassof2020.com پر دیکھ سکتے ہیں۔ ازراہِ کرم ہمارے ساتھ شامل ہوں!

اور ہمارے طلبا کے لیے ایک اور پُرجوش منصوبہ؛ ہمیں اس موسم گرما میں محکمئہ تعلیم کے تمام اہل خانہ کے ہرعمرکے فرد کے لیے مزید مفت ای بُکس اور آڈیوبُکس دستیاب بنانے کی بے حد خوشی ہے، اور ان تک رسائی حاصل کرنا پہلے سے کہیں زیادہ آسان ہے۔ بس اپنے طالب علم کی محکمئہ تعلیم کا لاگ ان استعمال کریں؛ کسی خاص سائن اپ کی ضرورت نہیں ہے۔ گرمیوں میں تدریس کو جاری رکھنے اور تخیل کو آزاد کرنے کے لیے مطالعہ بہت اہم ہے اس لیے براہِ مہربانی ان عمدہ وسائل کو دیکھنے کے لیے schools.nyc.gov/summerreading پر جائیں۔ اگر اپ نے محکمئہ تعلیم کا جاری کردہ ایک آئی پیڈ موصول کیا ہے، اس پر Sora ایپ اس مواد تک رسائی کے لیے پہلے سے نصب ہوگی— لیکن آپ کو Sora استعمال کرنے کے لیے محکمئہ تعلیم کا جاری کیا ہوا ڈیوائس درکار نہیں ہے۔ آپ اس ایپ کو کسی بھی ڈیوائس پر ڈاون لوڈ کرسکتے ہیں، اپنے طالب علم کی محکمئہ تعلیم کا لاگ ان استعمال کریں اور مطالعہ شروع کردیں۔

میں اکثر کہتا ہوں کہ ہمارے پاس کہیں سے بھی بہترین طلبا، عملہ اور خاندان ہیں۔ اس سال، آپ نے اسے کسی بھی شبہے سے بالاتر سچ ثابت کیا ہے۔ آپ ایک بہتر دنیا تشکیل دینے میں ہماری مدد کررہے ہیں۔ ہم آج کے دن اور ہر دن آپ کے شکرگزار ہیں۔

ایک عمدہ موسم گرما کے لیے نیک تمنائیں۔ ہم آپ کو ستمبر میں دیکھنے کا انتظار نہیں کرسکتے۔

بخلوص،

Richard A. Carranza
چانسلر
نیویارک شہر محکمئہ تعلیم

Department of
Education
Chancellor Richard A. Carranza